## سوال

(597)قربانی کا بکرا مسنہ ہونا ضروری ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک بکرا 14 یا 15 ماہ کا ہوگیا ہے لیکن مسنہ نہیں بنا تو کیا عمر پوری ہونے کی بنا پر قربانی کیا جا سکتا ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قربانی کے جانور کا مسنہ ہونا ضروری ہے ہاں حالت عسر میں جنس بھیڑ کا جذعہ درست ہے جذعہ بھیڑ صحیح ترین قول کے مطابق سال یا سال سے اوپر والے کو کہتے ہیں بشرطیکہ ابھی مسنہ نہ ہوا ہو لہٰذا آپ کا موصوف بکرا قربانی نہیں کیا جا سکتا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل

**قربانی اور عقیقہ کے مسائل ج1ص435**